روزنامہ
C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعرات 22 ستمبر 2005ء 17 شعبان 1426 ہجری 22 تبوک 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 212

جس کا مقصود آخرت ہو

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا جس کا مقصود آخرت ہو اللہ تعالیٰ اس کے دل میں غنا پیدا کر دیتا ہے اور اس کی طبیعت میں بشاشت پیدا کرتا ہے اور دنیا اس کے پاس ذلیل ہو کر آتی ہے اور جس کا مقصود دنیا ہو اللہ اس کی دونوں آنکھوں کے سامنے غربت رکھ دیتا ہے اور اس کی طبیعت میں گھٹن پیدا کرتا ہے اور اسے دنیا اتنی ہی ملتی ہے جتنی مقدر ہو۔

(جامع ترمذی کتاب القیامۃ حدیث نمبر:2389)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

حضرت صاحبزادہ پیر سراج الحق نعمانی صاحب بیان فرماتے ہیں۔

میاں جان محمد صاحب اور گلاب نجار اور ایک ضعیف العمر ہندو جاٹ جو حضرت بانی سلسلہ سے بیس برس بڑا تھا اور قادیان سے دو کوس کے فاصلہ پر ایک گاؤں کا رہنے والا تھا۔ اور اپنے گاؤں کا نمبردار بھی تھا یہ تینوں حضرت میرزا غلام مرتضیٰ صاحب اور میرزا غلام قادر صاحب کی خدمت میں بچپن سے بہت رہے ہیں تاوقتیکہ ان دونوں صاحبان نے وفات پائی سوائے ان کے اور لوگوں سے اور بڑھیا عورتوں سے میں نے یوں سنا ہے اور مجھے سننے اور آپ کے حالات دریافت کرنے کا شوق بھی تھا۔ ان سب کا متفق یہ بیان ہے کہ مرزا غلام احمد اپنے بچپن کے زمانہ سے اب تک جو چالیس سے زیادہ ہو گئے نیک بخت اور صالح تھے اکثر گوشہ نشین رہتے تھے سوائے یاد الٰہی اور کتب بینی کے آپ کو کسی سے کوئی کام نہ تھا کھانا بھیج دیا تو کھا لیا کپڑا بنا کے دے دیا تو پہن لیا اور اپنے والدین کے دنیاوی معاملات و امور میں فرماں بردار اور ان کے ادب اور احترام میں فروگزاشت نہیں کرتے تھے بچپن میں جو کبھی بچوں میں کھیلتے تو کوئی شرارت یا جھوٹ یا فریب نہ کرتے نہ مار پیٹ اور شور کرتے ہاں کئی بار ایسا ہوا کہ کسی لڑکے کی بھوک محسوس کرتے تو والدہ سے روٹی لا کر دے دیتے خود حضرت اقدس نے ایک بار اپنی زبان مبارک سے یہ فرمایا۔ ایک لڑکا بھوک سے مضطرب تھا اور روٹی کا وقت بھی گزر چکا تھا۔ والدہ صاحبہ گھر نہیں تھیں۔ ہم نے سیر بھر کے قریب دانے (غلہ) نکال کر اس کو دے دیئے تاکہ وہ بھنا کر اپنا پیٹ بھر لے۔ پھر آپ یہ بات بیان کر کے ہنستے رہے ایک دفعہ ذکر میں ذکر آیا تو فرمایا کہ آج تک ہم نے کسی کو تھپڑ تک نہ مارا ہے اور نہ کوئی کہہ سکتا ہے۔

ان لوگوں کا بیان ہے کہ جب مرزا غلام مرتضیٰ صاحب سے کوئی رئیس یا حاکم ملنے کے لئے آتا تو وہ دریافت کرتا کہ مرزا صاحب آپ کے بڑے صاحبزادہ مرزا غلام قادر صاحب سے تو ملاقات ہو جاتی ہے اور وہ ملتے جلتے رہتے ہیں لیکن سنتے ہیں کہ آپ کے اور بھی ایک صاحبزادہ ہے ان سے کبھی ملاقات ہوئی اور نہ دیکھے ان کو بلواؤ تو سہی دیکھ ہی لیں جناب میرزا صاحب فرماتے کہ ہاں میرا دوسرا لڑکا غلام قادر سے چھوٹا ہے تو سہی پر وہ تو الگ ہی رہتا ہے وہ ایک دلہن ہے لڑکا نہیں لڑکی ہے شرم سے کسی سے ملاقات نہیں کرتا میں بلواتا ہوں ان میں سے جن کا ذکر اوپر لکھ چکا ہوں جو حاضر ہوتا بلوانے کے لئے بھیجتے پس آپ نظر بر پشت پا دوختہ والد کے پاس ذرا فاصلہ سے آ کر آنکھیں نیچی کر کے بیٹھ جاتے اور یہ عادت تھی کہ بایاں ہاتھ اکثر منہ پر رکھ لیا کرتے تھے اور کچھ نہ بولتے اور نہ کسی کی طرف دیکھتے مرزا غلام مرتضیٰ صاحب فرماتے کہ آپ نے اس دلہن کو دیکھ لیا۔

(تذکرۃ المہدی ص 299)

نمایاں کامیابی

مکرمہ امۃ القدیر ارشاد صاحبہ انچارج امۃ الحی لائبریری ربوہ تحریر کرتی ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت ویسٹن ساؤتھ کی ہونہار طالبہ عزیزہ آمنہ باسط نے 4 نومبر 2004ء کو اپنی گریڈ 12 کی گریجویشن کے موقع پر مندرجہ ذیل ایوارڈز اور سکالر شپس حاصل کئے ہیں۔ الحمدللہ یہ بچی محترمہ امۃ الباسط باچھی صاحبہ کی چھوٹی بیٹی ہے اور حضرت چوہدری علی محمد صاحب بی۔اے بی۔ٹی مرحوم رفیق حضرت بانی سلسلہ کی نواسی ہے۔

1۔ قانون کے مضمون میں 90 فیصد نمبر حاصل کرنے پر ان کو انعام اور لاء ایوارڈ دیا گیا۔

2۔ سپورٹس میں بہترین کارکردگی پر آؤٹ سٹینڈنگ پرفارمنس اور Extra Curriclar Activities پر ان کو ملینیم ایوارڈ اور انعام دیا گیا ہے۔

3۔ اے پلس ایورج حاصل کرنے پر اونٹاریو سکالرز ایوارڈ بھی ان کو دیا گیا ہے۔

4۔ چوتھا ایوارڈ ڈیوک آف ایڈنبرا کا براؤنز ایوارڈ بھی ان کو مل چکا ہے۔

اسی طرح عزیزہ آمنہ باسط صاحبہ کو Queen Elizbeth 2nd aiming for the top Scholarship ملا ہے۔

نیز 91.5 فیصد نمبر حاصل کرنے پر یونیورسٹی کی طرف سے Entrence Scholarship بھی ان کو دیا گیا ہے۔

ممبر آف پارلیمنٹ جناب ماریو سرجیو (Mario Sergio) کی طرف سے ڈپلومہ حاصل کرنے پر مبارکباد کا سرٹیفکیٹ بھی ان کو دیا گیا ہے۔

نیز عزیزہ آمنہ باسط ان خوش نصیب طالبات میں شمار ہوتی ہے جن کے ناموں کا اعلان خود حضرت امام جماعت خامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جلسہ سالانہ کینیڈا کے موقع پر کیا اور اپنے دست مبارک سے 500/- ڈالر نقد اور سرٹیفکیٹ آف Excellence اور Best achievment in acadamics بھی عطا فرمائے۔ احباب سے درخواست ہے کہ عزیزہ کے روشن اور تابناک مستقبل کیلئے دعا کریں کہ آئندہ بھی خدا تعالیٰ اسے ایسی ہی درخشندہ کامیابیوں سے نوازتا رہے اور ہر گام اور ہر آن اپنے فضلوں سے فیضیاب فرمائے۔ آمین

نظارت تعلیم کے زیر اہتمام انعامی سکالرشپس 2005

نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ نے انٹرمیڈیٹ اور میٹرک کے امتحانات میں زیادہ سے زیادہ نمبر حاصل کرنے والے احمدی طلباء وطالبات کیلئے مندرجہ ذیل انعامی سکالرشپس 2005ء کا اعلان کیا ہے ان انعامی سکالرشپس کا تعارف قواعد وضوابط اور درخواست کا طریق کار شائع کیا جا رہا ہے تا کہ اس کے مطابق طلبہ وطالبات اپنی درخواستیں بھجوا سکیں۔

میاں محمد صدیق بانی گولڈ میڈل وانعامی سکالرشپ

مکرم میاں محمد صدیق بانی مرحوم کی طرف سے ہر سال مندرجہ ذیل امتحانات میں پاکستان بھر میں اول پوزیشن حاصل کرنے والے احمدی طالب علم رطالبہ علم کو مندرجہ ذیل تفصیل کے ساتھ انعامات دیئے جاتے ہیں۔

1۔ انٹرمیڈیٹ

☆ پری میڈیکل گروپ

☆ پری انجینئرنگ گروپ

☆ جنرل گروپ (پری میڈیکل اور پری انجینئرنگ کے علاوہ باقی تمام کمبینیشنز)

2۔ میٹرک

☆ سائنس گروپ

☆ جنرل سائنس گروپ

انٹرمیڈیٹ کے مندرجہ بالا تینوں اور میٹرک کے دونوں شعبہ جات میں جو جو احمدی طلباء رطالبات پاکستان بھر کے احمدی طلبہ سے سب سے زیادہ نمبر حاصل کرینگے خواہ ان کی بورڈ میں کوئی پوزیشن ہو یا نہ ہو اور ان کا تعلق پنجاب، سندھ، بلوچستان، سرحد یا آزاد کشمیر کے کسی بھی بورڈ سے ہو۔ اگر وہ قواعد پر پورا اترتے ہوں تو انعامی مقابلہ میں شامل ہو سکتے ہیں۔ انٹرمیڈیٹ کے تینوں گروپس میں جو جو طلبہ سب سے زیادہ نمبر حاصل کریں گے وہ مبلغ پچیس پچیس ہزار روپے انعامی سکالرشپ اور گولڈ میڈل کے حقدار قرار پائیں گے۔ اسی طرح میٹرک کے دونوں گروپس میں جو جو طلبہ سب سے زیادہ نمبر حاصل کریں گے وہ مبلغ دس دس ہزار روپے انعامی سکالرشپ کے حقدار قرار پائیں گے۔

صادقہ فضل انعامی سکالرشپ

مکرمہ صادقہ فضل صاحبہ مرحومہ آف لاہور کی طرف سے انٹرمیڈیٹ کے امتحان میں پری انجینئرنگ اور پری میڈیکل میں دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے طالب علم رطالبہ علم کو مبلغ بیس ہزار روپے کا انعام دیا جاتا ہے اس طرح امسال بھی مندرجہ بالا تفصیل کے ساتھ بیس بیس ہزار روپے کے انعامات دیئے جائیں گے۔

خورشید عطاء انعامی سکالرشپ

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری کے ساتھ مکرمہ خورشید عطاء صاحبہ آف کینیڈا کی طرف سے امسال انٹرمیڈیٹ کے امتحان میں پری انجینئرنگ اور پری میڈیکل گروپ میں چوتھی پوزیشن پر آنے والے طالب علم رطالبہ علم کیلئے اس انعامی فنڈ سے مبلغ پندرہ پندرہ ہزار روپے کے دو انعام اور جنرل گروپ (بشمول جنرل سائنس گروپ) میں تیسری اور چوتھی پوزیشن پر آنے والے طالب علم رطالبہ علم کو پندرہ پندرہ ہزار روپے کے نقد انعام دیئے جائیں گے۔ اس طرح اس انعامی فنڈ کی رقم سے پندرہ پندرہ ہزار روپے کے چار انعامات سالانہ دیئے جائیں گے۔

قواعد وضوابط

☆ یہ اعلان انٹرمیڈیٹ اور میٹرک کے 2005ء میں ہونے والے سالانہ امتحان کیلئے ہے اس سے پہلے کوئی کیس اس سکیم میں شامل نہ ہو سکے گا واضح ہو کہ 2004ء تک پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ کو یہ انعامات دیئے جا چکے ہیں۔

☆ اس سکیم کا اطلاق صرف اور صرف پہلے سالانہ امتحان (First Annual Examination) پر ہوگا۔

☆ By Parts یا Division Improve کرنے والے طلبہ اس مقابلہ میں شامل ہونے کے اہل نہ ہونگے۔

☆ طلباء وطالبات کیلئے الگ الگ معیار نہیں ہیں بلکہ اپنے شعبہ میں جو بھی سب سے زیادہ نمبر حاصل کرے گا وہ انعام کا مستحق قرار پائے گا۔

درخواست دینے کا طریق کار

☆ سادہ کاغذ پر بنام ناظر تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ درخواست بھجوانا ہوگی۔

☆ درخواست کے ساتھ متعلقہ امتحان انٹرمیڈیٹ ر میٹرک کی سند یا Marks Sheet کی فوٹو کاپی لگانا لازمی ہوگا۔

☆ اس طرح درخواست اور سند یا Marks Sheet کی فوٹو کاپی پر بھی مکرم امیر صاحب جماعت رامیر جماعت ضلع کی تصدیق لازمی ہے۔ تصدیق کے بغیر کوئی درخواست زیر غور نہ لائی جائے گی۔

☆ انعام کے حقدار طلبہ کو ان کی درخواست پر مندرجہ ذیل ایڈریس پر اطلاع کر دی جائے گی (اس لئے بہتر ہوگا کہ اپنی درخواست پر اپنا فون نمبر بھی درج کر دیں)

آخری تاریخ

☆ درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 31 دسمبر 2005ء مقرر ہے اس کے بعد آنے والی کوئی درخواست زیر غور نہ لائی جائے گی۔ (نظارت تعلیم)

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر / امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

سیکرٹریان تعلیم متوجہ ہوں

سیکرٹریان تعلیم سے خاص طور پر درخواست ہے کہ وہ سیکرٹریان وقف نو سے مستقل رابطہ رکھیں اور وقف نو بچوں اور بچیوں کے حوالہ سے جو تعلیمی مسائل سامنے آ رہے ہیں ان کو نظارت تعلیم کی طرف سے دی گئی ہدایات کی روشنی میں حل کریں اور انفرادی رابطہ ضرور رکھیں۔

نظارت تعلیم کی طرف سے شائع کئے جانے والے اعلانات اور مضامین کا مستقل ریکارڈ رکھا جائے اور زیادہ سے زیادہ طلباء وطالبات میں ان معلومات کو پھیلانے کی کوشش کی جائے تا کہ یہ طلبہ بھی بروقت ان سے فائدہ اٹھا کر مستقبل کیلئے بہتر Planning کر سکیں۔

نظارت تعلیم کی طرف سے تمام سیکرٹریان تعلیم اضلاع کو ماہوار رپورٹ فارم کا نمونہ ارسال کیا جا چکا ہے اس سلسلہ میں درخواست ہے کہ یہ رپورٹ ہر ماہ باقاعدگی سے مقررہ فارم پر ارسال کرنا بہت ضروری ہے تا کہ تازہ ترین تعلیمی صورت حال معلوم ہو سکے اور اس کے مطابق مل جل کر طلباء وطالبات کے تعلیمی مسائل حل کئے جا سکیں۔

تمام سیکرٹریان تعلیم سے درخواست ہے کہ وہ ان طلباء وطالبات کیلئے خاص طور پر دعا کریں جو پروفیشنل اداروں میں داخلے کیلئے کوشش کر رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ان کو نمایاں کامیابی عطا فرمائے اور اپنے خاندان اور جماعت کیلئے نیک وجود ثابت کرے۔ آمین (نظارت تعلیم)

ولادت

مکرم محمد اسلم باجوہ صاحب صدر جماعت احمدیہ چک 33 جنوبی سرگودھا تحریر کرتے ہیں کہ مکرم چوہدری امان اللہ چیمہ صاحب ایم اے چک 33 جنوبی سرگودھا کو اللہ تعالیٰ نے 29۔اگست 2005ء کو پہلے بیٹے سے نوازا ہے بیٹے کا نام محمد عثمان تجویز ہوا ہے جو وقف نو میں شامل ہے احباب جماعت سے نومولود کے نیک اور صالح ہونے اور درازی عمر کیلئے درخواست دعا ہے۔

درخواست دعا

مکرم ڈاکٹر منیر احمد ملک صاحب قلعہ کالروالا ضلع سیالکوٹ تحریر کرتے ہیں کہ میرے خالہ زاد بھائی مکرم ملک محی الدین ٹیپو صاحب ولد مکرم ملک ضیاء الدین صاحب آف وہاڑی پھیپھڑوں میں ٹیومر کی وجہ سے شدید علیل ہیں اور شوکت خانم ہسپتال میں زیر علاج ہیں۔ نہایت عاجزانہ دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں جلد از جلد صحت کاملہ عطا فرمائے۔ آمین

مکرم ضیاء الحق قمر صاحب کارکن گلشن احمد نرسری ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کے والد محترم غلام حیدر وڑائچ صاحب بوجہ پیٹ درد اور بخار وغیرہ شدید بیمار ہیں۔ تمام احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ میرے والد صاحب کو کاملہ وعاجلہ صحت سے نوازے۔

☆ مکرم ندیم احمد باسط صاحب مربی سلسلہ تحریر کرتے ہیں کہ میرے تایا مکرم عبدالغنی صاحب جرمنی بوجہ فالج بیمار ہیں۔ احباب جماعت سے ان کی شفاء کاملہ وعاجلہ کے لئے درخواست دعا ہے۔

سانحہ ارتحال

مکرم محمد ارشد قریشی صاحب دارالرحمت وسطی تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کے بڑے بھائی مکرم محمد احمد قریشی صاحب ابن مکرم ماسٹر محمد احسن قریشی صاحب مرحوم قادیانی حال کراچی بقضائے الٰہی مورخہ 15 ستمبر 2005ء کو وفات پا گئے کراچی میں دل کے بائی پاس آپریشن کے بعد وہ جانبر نہ ہو سکے۔ پیارے بھائی جان بڑے ہنس مکھ، خوش مزاج، ملنسار اور جذبہ دعوت الی اللہ سے سرشار مخلص اور فدائی احمدی تھے سن پچاس سے بسلسلہ ملازمت ربوہ سے کراچی منتقل ہو گئے تھے۔ مرحوم بھائی جان اپنوں اور غیروں میں بہت ہردلعزیز اور مقبول تھے اور مکرم بابو اللہ داد خان صاحب کی دامادی کا شرف بھی حاصل تھا۔ ان کی اولاد میں ایک بیٹا اور ایک بیٹی ہے۔ بیٹا مکرم مولود احمد ناصر صاحب امریکہ میں مقیم ہے اور بیٹی مکرمہ ناصرہ ندیم صاحبہ زوجہ مکرم چوہدری ندیم احمد صاحب ایڈووکیٹ کراچی میں رہائش پذیر ہیں۔ گزشتہ بیس سال سے کراچی کی ایک معروف جیولری کی فرم الرحیم جیولرز سے بطور مینیجر فرم منسلک تھے آپ کا جنازہ بذریعہ طیارہ ربوہ لایا گیا۔ مورخہ 17 ستمبر کو بعد نماز ظہر بیت مبارک میں مکرم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے ان کی نماز جنازہ پڑھائی اور بوجہ موصی ہونے کے بہشتی مقبرہ ربوہ میں تدفین کے بعد مکرم چوہدری نصیر احمد صاحب زعیم اعلیٰ انصار اللہ ربوہ نے دعا کروائی۔ احباب جماعت سے ان کی بلندی درجات اور مغفرت اور جملہ پسماندگان کو صبر جمیل عطا ہونے کی عاجزانہ درخواست دعا ہے۔

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

3

سیدنا حضرت امام جماعت خامس ایدہ اللہ کا دورہ جرمنی

قضاء بورڈ اور مختلف مجالس عاملہ کے ساتھ میٹنگز اور فیملی ملاقاتیں

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب

3 ستمبر 2005ء

صبح سوا پانچ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت الرشید ہمبرگ میں نماز فجر پڑھائی۔

صبح حضور انور نے ڈاک ملاحظہ فرمائی۔ دس بجے حضور انور اپنے دفتر تشریف لائے اور فیملیز ملاقاتیں شروع ہوئیں جو دوپہر بارہ بجے تک جاری رہیں ہمبرگ اور اردگرد کی جماعتوں کے 38 خاندانوں کے 155 افراد نے حضور انور سے شرف ملاقات حاصل کیا۔ اور تصاویر بھی بنوائیں۔ ان ملاقات کرنے والوں میں بڑی تعداد ان فیملیز کی تھی جنہوں نے پہلی بار حضور انور سے ملاقات کی سعادت حاصل کی۔ یہ سبھی لوگ اپنی اس خوش نصیبی پر بے حد خوش تھے اور خوشی سے پھولے نہ سماتے تھے۔

قضاء بورڈ کو ہدایات

فیملی ملاقاتوں کے بعد قضاء بورڈ جرمنی کے ممبران کی حضور انور ایدہ اللہ کے ساتھ میٹنگ شروع ہوئی۔ حضور انور نے دعا کروائی۔ سب سے پہلے حضور انور نے دریافت فرمایا کہ آپ میں سے وکلاء کتنے ہیں اور دینی علم رکھنے والے کتنے ہیں۔ حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ جب بھی تین رکنی بورڈ کا تقرر کیا جائے تو اس میں ایک ممبر ایسا ہو جس کو شریعت کا پتہ ہونا چاہئے۔ ایک ممبر کو قانون کا پتہ ہونا چاہئے اور تیسرا ممبر کوئی بھی ہو۔ فرمایا بورڈ مقرر کرتے ہوئے اس کا خیال رکھا کریں۔

حضور انور نے ممبران سے یہ بھی دریافت فرمایا کہ 'فقہ احمدیہ' کا مطالعہ کس کس نے کیا ہوا ہے۔ حضور انور نے فرمایا۔ آپ سب کو اس کا علم ہونا چاہئے۔ حضور انور نے یہ بھی ہدایت فرمائی کہ مقدمات کا فیصلہ جلد ہونا چاہئے۔ حضور انور نے فرمایا اگر سمجھانا ہے تو فریقین نے سمجھانا ہے۔ خاندانوں کے بزرگوں نے سمجھانا ہے۔ یہ قضاء کا مسئلہ نہیں ہے۔ اگر لڑکی کی طرف سے خلع کی درخواست آتی ہے تو قضاء کا کام نہیں ہے کہ اس کو لٹکائے۔ فریقین کو سمجھانا، صلح کروانا قضاء کا کام نہیں ہے۔ یہ حکمین کا کام ہے۔ قضاء نے صرف فیصلہ کرنا ہے۔ فرمایا علیحدگی کے بعد حقوق کے تعین میں قضاء Involve ہوگی۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے قضاء کے معاملات کے بارہ میں بعض انتظامی ہدایات دیں اور تفصیل سے کام کرنے کا طریق سمجھایا۔ ثالثی کے نظام کے بارے میں بھی تفصیل سے سمجھایا۔ اور ہدایت فرمائی کہ اس بارہ میں ملکی قانون بھی دیکھے جائیں۔

حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ لوکل جماعتوں میں بھی جہاں تعداد سو، دو سو ہے لوکل قاضی مقرر کریں۔ جو قاضی اول مقرر کئے گئے ہیں یہ لوکل سطح پر قاضی ان سے علیحدہ ہوں گے۔ حضور انور نے فرمایا ہر ریجن میں قاضی اول بنا دیں پھر ریجن کی جماعتوں میں لوکل قاضی ہو۔

حضور انور نے فرمایا کہ قضاء نے اس طرح اپنے ساتھ ملکی قانون کو لے کر چلنا ہے کہ حقوق متاثر نہ ہوں اور شریعت پر زد نہ آتی ہو۔

حضور انور نے تمام ممبران کو ہدایت دیتے ہوئے فرمایا کہ آپ لوگوں نے خالی الذہن ہو کر، لاتعلق ہو کر، کسی رشتے کا لحاظ نہ رکھتے ہوئے فیصلے کرنے ہیں۔ اللہ آپ کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔

بہت سے دیگر انتظامی امور کے بارہ میں بھی حضور انور نے تفصیلی ہدایات دیں۔ قضاء بورڈ کے ساتھ یہ میٹنگ دوپہر ایک بجے تک جاری رہی۔

اس کے بعد حضور انور نے ڈاک ملاحظہ فرمائی۔

ایک بجکر پینتیس منٹ پر حضور انور نے بیت الرشید ہمبرگ میں ظہر وعصر کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

نیشنل مجلس عاملہ خدام کو ہدایات

بعد از سہ پہر پانچ بجے نیشنل مجلس عاملہ خدام الاحمدیہ جرمنی کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ میٹنگ شروع ہوئی۔ حضور انور نے دعا کروائی۔ حضور انور نے باری باری تمام مہتممین سے ان کے کام کا جائزہ لیا اور آئندہ کے پروگراموں اور لائحہ عمل کے بارہ میں دریافت فرمایا۔ اور ساتھ ساتھ ہدایت سے نوازا۔

ایک نائب صدر کے پاس مہتمم اطفال اور ایک نائب صدر کے پاس مہتمم اشاعت کے عہدے بھی تھے۔ حضور انور نے دریافت فرمایا کہ یہ دو دو عہدے کیوں ہیں۔ بحیثیت مہتمم بھی بہت زیادہ کام ہے اس لئے دونوں اب نائب صدر نہیں ہیں۔ صرف مہتمم اطفال اور مہتمم اشاعت ہیں۔ حضور انور نے فرمایا کہ نائب صدر صرف نائب صدر ہی ہونا چاہئے۔ بہت کام ہوتا ہے۔

تمام مہتممین نے اپنے اپنے شعبوں کے کارڈ آویزاں کئے ہوئے تھے۔ حضور انور نے دونوں نائب صدور کو ہدایت فرمائی کہ آپ نائب صدر والا کارڈ اتار دیں جس کی فوری تعمیل کی گئی۔ حضور انور نے صدر صاحب خدام الاحمدیہ کو ہدایت فرمائی جس عہدیدار کی بھی منظوری حاصل کرنی ہو اس کے بارہ میں لکھا کریں کہ اس کے پاس پہلے کون کون سے عہدے ہیں۔ فرمایا اب باقاعدہ نائب صدران کی منظوری حاصل کریں۔

حضور انور نے مہتمم اطفال سے، اطفال کی تجنید اور ان کے چندہ کا جائزہ لیا اور ہدایت فرمائی جو ممبر شپ کا چندہ ہے اس کا حساب علیحدہ رکھیں اور جو ان کے اجتماع کا چندہ ہے اس کا ریکارڈ علیحدہ رکھیں۔

حضور انور نے مہتمم اشاعت کو ہدایت دیتے ہوئے فرمایا کہ آپ کا جو سہ ماہی رسالہ ''نورالدین'' شائع ہوتا ہے اس کا جرمن حصہ بھی ہونا چاہئے مضامین کا جرمن ترجمہ ہونا چاہئے۔ حضور انور نے فرمایا ''مشعل راہ'' کے اقتباسات زیادہ کریں اور ان کا جرمن ترجمہ بھی دیں۔ فرمایا آپ کے ستر فیصد طلباء تو جرمن جانتے ہیں۔

ایک نائب صدر نے بتایا کہ وہ سالانہ اجتماع کے موقع پر 'ناظم اعلیٰ' ہوتے ہیں۔ اس پر حضور انور نے فرمایا کہ ناظم اعلیٰ تو کوئی مستقل شعبہ نہیں ہے۔ 100 بیوت الذکر کے لئے چندہ وصولی کا ذکر ہونے پر حضور انور نے فرمایا یہ سپیشل کام ہے یہ معاون صدر کے سپرد کریں۔ یہ مستقل کام ہے ایک ملین یورو کا آپ کا وعدہ ہے۔ فرمایا بیوت کے لئے چندہ وصول کرتے ہوئے چندہ عام ہرگز متاثر نہیں ہونا چاہئے۔ حضور انور نے فرمایا چندہ دینے والے سے پہلے پوچھا جائے کہ چندہ عام ادا کیا ہوا ہے یا نہیں۔ اگر ادا نہیں کیا تو پھر یہ چندہ جو بیوت کے لئے دے رہا ہے چندہ عام میں ڈالا جائے کیونکہ چندہ عام کی ادائیگی بہرحال ضروری اور لازمی ہے۔

معتمد صاحب سے حضور انور نے مجالس سے موصول ہونے والی ماہانہ رپورٹس کے بارہ میں دریافت فرمایا اور ہدایت فرمائی کہ جو مجالس رپورٹ بھجوانے میں سست ہیں ان کو بار بار یاددہانی کروائیں اور اپنی رپورٹس کی وصولی کو سو فیصد بنائیں۔

مہتمم تجنید کو حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ تجنید میں گنجائش ہے۔ اس کو مکمل کرنے کے لئے مستقل کوشش کرتے رہیں۔

شعبہ تعلیم کے کام کا جائزہ لیتے ہوئے حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ سال میں ایک کی بجائے دو امتحان لئے جا سکتے ہیں۔ فرمایا کوشش کرنی چاہئے کہ تمام خدام امتحانوں میں شامل ہوں۔

مہتمم تربیت کو حضور انور نے ہدایت دیتے ہوئے فرمایا کہ امسال آپ نے مرکزی سطح پر جو تربیتی کلاس رکھی ہے اس میں تمام مجالس کی نمائندگی ہونی چاہئے۔ حضور انور نے فرمایا ریجنل لیول پر بھی تربیتی کلاسز ہونی چاہئیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ آپ کے پاس یہ جائزہ ہونا چاہئے کہ کتنے خدام کم از کم ایک نماز باجماعت ادا کرتے ہیں۔ کتنے ہیں جو قرآن کریم کی تلاوت کرنے والے ہیں۔ جمعہ پڑھنے والے کتنے ہیں۔ MTA دیکھنے والے کتنے ہیں۔ گزشتہ سالانہ اجتماع پر آپ کی کتنی حاضری تھی۔ فرمایا آپ کی انفارمیشن پوری ہونی چاہئیں۔

مہتمم دعوت الی اللہ کو حضور انور نے فرمایا کہ خدام جو بیعتیں کرواتے ہیں آپ کے ریکارڈ میں ہونی چاہئیں۔ داعیان الی اللہ سے آپ کا رابطہ ہونا چاہئے۔ سیکرٹریان دعوت الی اللہ سے بھی آپ کا رابطہ قائم رہنا چاہئے۔ حضور انور نے فرمایا جو خدام کے گروپ کے نومبائعین ہیں ان کا نام اور ایڈریسز اور پورا ریکارڈ مہتمم تربیت نومبائعین کو دیں جو ان سے مستقل رابطہ رکھے اور مقامی مجالس کا ان سے باقاعدہ مستقل رابطہ ہو۔ فرمایا مقامی خدام کی ڈیوٹی لگائیں کہ ان سے رابطہ رکھیں، نماز سکھائیں، اور ان کی تربیت کریں۔

مہتمم تربیت نومبائعین کو بھی حضور انور نے نومبائعین کو سمجھانے اور ان کی تربیت سے متعلق ہدایات دیں فرمایا باقاعدہ پلان بنائیں۔ ان کی فہرستیں تیار کریں اور ان کی تربیت کر کے اپنے نظام میں شامل کریں۔

حضور انور نے مہتمم امور طلباء کو ہدایت فرمائی کہ یہ کوشش ہونی چاہئے کہ ہمارے طلباء تعلیم کے اعلیٰ معیار میں جائیں۔ حضور انور نے فرمایا یونیورسٹیوں میں سمپوزیم منعقد کریں، سیمینار کریں۔ فرمایا یونیورسٹیوں میں دوسرے مذاہب کے طلباء عیسائیوں وغیرہ کے گروپ بنائیں وہ سیمینار کا انتظام کریں اور احمدیوں کو Invite کریں۔

مہتمم صحت جسمانی نے مجالس کے مابین مقابلہ جات اور کھیلوں کی رپورٹ پیش کی۔ اسی طرح مہتمم وقار عمل نے جلسہ سالانہ کے انتظامات کے لئے خدام نے جو وقار عمل کیا ہے اس کی رپورٹ پیش کی۔

مہتمم صنعت و تجارت کو حضور انور نے ہدایات دیتے ہوئے فرمایا کہ جو خدام فارغ ہیں اور کام نہیں کر رہے ان کی لسٹ بنا کر ان کو کام میں شامل کریں۔ فرمایا وہ مارکیٹوں میں کام کر سکتے ہیں۔ فرمایا انٹرنیٹ سے ملازمتیں تلاش کریں کہ کہاں کہاں جاب نکل رہی ہے۔ فرمایا فارغ رہنا، کوئی کام نہ کرنا اور گورنمنٹ کی طرف سے خرچ لے کر کھانا یہ تو صدقہ ہے۔ اضطراری

حالات میں کھانا چاہئے۔ ایک احمدی کو چاہئے کہ اپنی عزت نفس کا خیال رکھے۔ خود کام کرے اور کما کر کھائے اپنے پاؤں پر کھڑے ہوں فرمایا لسٹ بنائیں، صدر صاحب کو دیں۔ ایک کمیٹی بنائیں اور کام کریں۔

حضور انور نے فرمایا بہت سی بیماریاں فارغ بیٹھنے سے پیدا ہو رہی ہیں۔ خدام الاحمدیہ کو اس کام میں مستعد ہونا چاہئے۔

مہتمم عمومی کو حضور انور نے ہدایت دیتے ہوئے فرمایا کہ سیر کے دوران جو خدام میرے ساتھ ہوتے ہیں۔ ان کو سمجھائیں کہ ٹریفک روکا نہ کریں۔ خصوصاً جو میرے ساتھ ہوتے ہیں ان کو زیادہ احتیاط کرنی چاہئے۔ جب میں خود کھڑا ہو جاتا ہوں تو پھر روکنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

شعبہ مال سے حضور انور نے ان کے بجٹ اور چندوں کا جائزہ لیا حضور انور نے فرمایا ایڈیشنل مہتمم مال کا کام یہ ہوتا ہے کہ جو بقایا دار ہے اس سے چندہ وصول کریں اور یاد دہانی کروائیں۔

مہتمم مقامی کو حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ آپ کی فرینکفرٹ کی 13 مجالس ہیں آپ کے پاس خدام بھی ہیں۔ آپ اپنی تجنید مکمل کر سکتے ہیں۔

مجلس خدام الاحمدیہ کے ساتھ یہ میٹنگ سوا چھ بجے تک جاری رہی۔ آخر پر نیشنل مجلس عاملہ خدام الاحمدیہ کے ممبران نے حضور انور کے ساتھ تصویر بنوانے کی سعادت حاصل کی۔

مجلس عاملہ انصاراللہ کو ہدایات

اس کے بعد چھ بجکر بیس منٹ پر نیشنل مجلس عاملہ انصاراللہ جرمنی کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ میٹنگ شروع ہوئی۔ حضور انور نے دعا کروائی۔ حضور انور نے تمام قائدین سے باری باری ان کی کارگزاری کا جائزہ لیا اور ساتھ ساتھ ہدایات دیں۔

قائد عمومی کو حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ آپ خود مستعد ہوں اور اپنی تجنید مکمل کریں۔ قائد عمومی نے بتایا کہ جماعت نے تجنید تیار کی ہے وہاں سے ہم لے رہے ہیں۔ اس پر حضور انور نے فرمایا کہ آپ انصاراللہ کی اپنی تجنید مکمل کریں جماعتی نظام کو ذیلی تنظیموں کی مدد کرنی چاہئے اور ذیلی تنظیموں کو جماعت کی مدد کرنی چاہئے۔

نومبائعین کی تربیت کے بارہ میں حضور انور نے ہدایت دیتے ہوئے فرمایا اپنی مجالس کے زعماء کو کہیں کہ ان نومبائعین کے گھروں میں جائیں۔ ان سے رابطہ کریں۔ فرمایا جب کوئی نومبائع جگہ تبدیل کرے تو آپ کو اس کا علم ہونا چاہئے کہ وہ کس علاقہ میں منتقل ہوا ہے۔ حضور انور نے فرمایا گزشتہ دس سالوں میں انصاراللہ کی جو بیعتیں ہوئی ہیں ان کو تلاش کریں۔ اس کام کے لئے کافی توجہ کی ضرورت ہے۔

قائد تعلیم نے رپورٹ دیتے ہوئے بتایا کہ انصار کو پورے سال کا لائحہ عمل دیا جاتا ہے۔ رسالہ ''الوصیت'' پڑھنے کے لئے دیا ہوا ہے۔ اس پر حضور انور نے فرمایا کہ اس کی معین رپورٹ آپ کو آنی چاہئے کہ کتنوں نے پڑھ لیا ہے۔ حضور انور نے فرمایا کہ عاملہ کے ممبران کا بھی جائزہ لیں کہ کتنوں نے یہ کتاب پڑھی ہے۔ حضور انور نے فرمایا کہ مرکزی طور پر سارے ملک کے انصار سے امتحان لیں۔ فرمایا کسی کتاب کے چند صفحے دے دیں۔ بیشک کتاب دیکھ کر حل کر دیں یہ کام کر لیں۔ بہت بڑا کام ہے۔ قائد مال سے حضور انور نے انصار کے بجٹ اور ماہانہ چندوں کا جائزہ لیا اور ہدایت دی کہ تجنید کے مطابق تمام انصار کو چندہ کے نظام میں شامل کریں۔ قائد اشاعت نے بتایا کہ الفضل انٹرنیشنل میں انصاراللہ جرمنی کا رسالہ الناصر شائع ہوتا ہے۔ حضور انور نے دریافت فرمایا الفضل انٹرنیشنل کتنے انصار پڑھتے ہیں۔ حضور انور نے فرمایا کتنے انصار کے گھروں میں الفضل آتا ہے۔ آپ کی مجلس عاملہ، ریجنل عاملہ اور مقامی مجالس عاملہ کو بھی آنا چاہئے۔ حضور انور نے فرمایا پندرہ صد کی تعداد میں اس کی خریداری بڑھائیں، پچاس فیصد انصار ایسے ہونے چاہئیں جن کے ہاں الفضل آتا ہو۔

قائد تربیت کو حضور انور نے ہدایات دیتے ہوئے فرمایا کہ صف دوم کے انصار کو نمازوں کی ادائیگی اور تلاوت قرآن کریم کی طرف توجہ دلائیں۔ فرمایا چھوٹی مجالس میں اپنے زعماء کو Active کریں۔ جن کے گھر نماز سنٹر سے دور ہیں وہ اپنے گھر میں بچوں کے ساتھ نماز پڑھا کریں۔ قرآن کریم پڑھنے کی عادت ڈالا کریں۔

قائد خدمت خلق کو حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ انصار ہسپتالوں میں جا کر مریضوں، بوڑھوں کا حال پوچھیں اور پھل، پھول وغیرہ ساتھ لے جائیں۔ حضور انور نے فرمایا دوسرے ملکوں سے یہاں لوگ آئے ہوئے ہیں ان کے جا کر حالات دیکھیں اور ان سے تعلقات بنائیں۔ قائد تحریک جدید کو حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ آپ کا تحریک جدید کا چندہ جماعت کی وصولی کا 1/4 ہونا چاہئے۔

قائد عمومی کو حضور انور نے فرمایا کہ آپ کی جن مجالس کی ماہانہ رپورٹس نہیں آتیں وہاں سے باقاعدگی سے رپورٹس آنی چاہئیں۔ باقی مجالس کو بھی Active کریں اور تمام مجالس رپورٹس بھجیں۔

حضور انور نے صدر صاحب مجلس انصاراللہ کو ہدایت فرمائی کہ جو انصار لازمی چندہ نہیں دے رہے وہ لازمی چندہ دیں گے تو ان سے مجلس انصاراللہ کا قبول ہوگا۔ جو مجلس انصاراللہ کا چندہ دیتا ہے اور لازمی نہیں دیتا تو وہ لازمی چندہ میں شمار کیا جائے اور جماعت کے کھاتہ میں چلا جائے۔

حضور انور نے فرمایا جو شخص کہتا ہے کہ میری آمد اتنی ہے، میں اس پر اتنا دوں گا تو آپ لکھ لیں اور اس سے لے لیا کریں۔ حضور انور نے فرمایا اصل مقصد یہ ہے کہ تربیت ہونی چاہئے۔ نفس کی اصلاح ہو، دین کی طرف رجحان ہو، خدا کی عبادت کی طرف توجہ پیدا ہو، اللہ کے حکموں پر عمل کرنے کی طرف توجہ پیدا ہو۔

حضور انور نے فرمایا کہ جو موصی ہے اس کو سمجھانا چاہئے کہ وصیت کرنے کے بعد تم نے اعلیٰ معیار کی قربانی کا وعدہ کیا ہے۔ ایک عہد کیا ہے۔ اپنے اس عہد اور اعلیٰ معیار کی قربانی سے پھر رہے ہو۔ فرمایا جو موصی نہیں ہیں ان کو بھی سمجھاتے رہنا چاہئے کہ یہ چندہ بھی جماعت کی طرف سے مقرر شدہ ہے۔ ذیلی تنظیموں کا بھی مقرر شدہ ہے۔ اس کو بھی باقاعدہ ادا کرو۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مجلس انصاراللہ کو فرمایا کہ آپ کو چاہئے کہ 2008ء تک پانچ بیوت الذکر بنا کر دیں۔ چندوں کا مسئلہ نہیں ہے۔ جرأت پیدا کریں، حوصلہ پیدا کریں، خدا تعالیٰ خود حالات پیدا کر دے گا۔

نیشنل مجلس عاملہ انصاراللہ کے ساتھ یہ میٹنگ سوا سات بجے ختم ہوئی۔ آخر پر مجلس عاملہ کے ممبران نے حضور انور کے ساتھ تصاویر بنوانے کی سعادت حاصل کی۔ تصویر کے بعد عاملہ کے سبھی ممبران نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے مصافحہ کا شرف حاصل کیا۔

واقفات نو کی کلاس

اس کے بعد سوا سات بجے ہمبرگ ریجن کی واقفات نو بچیوں کی حضور انور کے ساتھ کلاس کا انعقاد ہوا۔ کلاس کا آغاز تلاوت قرآن کریم اور اس کے اردو ترجمہ سے ہوا جو عزیزہ امۃ البصیر نور نے کی۔

اس کے بعد عزیزہ صباح النور ندیم نے اصلاح نفس کے بارہ میں آنحضرت ﷺ کی ایک حدیث اور اس کی مختصر تشریح پیش کی۔

حضور انور نے بچیوں سے دریافت فرمایا کہ کتنی بچیاں سکولوں میں حجاب لے کر جاتی ہیں اور ان بچیوں کو کلاس میں حجاب لینے پر ٹیچر تنگ تو نہیں کرتے کہ سکول میں حجاب نہ لیا کرو۔ بچیوں نے بتایا کہ انہیں کوئی مسئلہ نہیں ہوتا۔

حضور انور نے فرمایا کہ جو بچیاں آج حجاب لے کر آئی ہیں وہ اب اس کو اتار نہ دیں بلکہ اس پردہ پر اب قائم رہنا ہے۔

اس کے بعد حضور انور نے پوچھا کہ کتنی بچیاں ریال میں جاتی ہیں اور کتنی گیمنازیم میں۔ حضور نے ارشاد فرمایا کہ بچیوں کو گیمنازیم میں جانے کی کوشش کرنی چاہئے۔ (گیمنازیم یہاں جرمنی میں اعلیٰ تعلیمی معیار ہے جبکہ ریال اس سے کم درجہ پر ہے)

حضور انور نے کلاس میں شامل بچیوں کی تعداد پوچھی جو کہ 52 تھی۔ حضور انور نے دریافت فرمایا کہ کتنی بچیاں ڈاکٹر بننا چاہتی ہیں، 24 بچیوں نے ہاتھ کھڑے کئے۔ وکیل بننے والی بچیوں کی تعداد گیارہ جبکہ دو نے ٹیچر بننے کے لئے ہاتھ کھڑے کئے۔ کچھ بچیوں نے انجینئرز اور ایک بچی نے کمپیوٹر سائنس میں جانے کا ارادہ ظاہر کیا۔ بعد ازاں عزیزہ انیقہ رفیق شاکر نے حضرت امام جماعت ثانی کا منظوم کلام

میں اپنے پیاروں کی نسبت ہرگز نہ کروں گا پسند کبھی
وہ چھوٹے درجہ پر راضی ہوں اور ان کی نگاہ رہے نیچی

خوش الحانی سے پڑھ کر سنایا۔

اس کے بعد عزیزہ صباح النور مطیع نے ''وسعت حوصلہ'' کے موضوع پر تقریر کی۔ جس کے بعد عزیزہ مدیحہ وسیم نے آنکھوں کی حفاظت کے بارہ میں ایک معلوماتی مضمون پیش کیا۔

آخر پر بچیوں کے ایک گروپ نے حضرت امام جماعت ثانی کا منظوم کلام ''ہے دست قبلہ نما......'' کورس کی شکل میں پیش کیا۔

کلاس کے آخر پر حضور انور نے بچیوں سے پوچھا کہ کتنی بچیوں کو ابھی تک پین نہیں ملے۔ ان کو حضور انور نے باری باری بلا کر پین عنایت فرمائے۔ حضور انور نے ازراہ شفقت کلاس میں شامل ہونے والی تمام بچیوں کو حجاب تقسیم فرمائے اور پیک کھانا بھی ان میں تقسیم فرمایا۔

کلاس کے آخر پر حضور انور نے منتظمات کو ہدایت فرمائی کہ جو بچیاں ریسرچ میں شوق رکھتی ہیں وہ بائیبل میں سے حوالے نکال کر ان پر ریسرچ کریں اور آپ اس کام میں ان کی مدد کریں۔

سوا آٹھ بجے یہ کلاس اپنے اختتام کو پہنچی۔ اس کے بعد حضور انور اپنی قیام گاہ پر تشریف لے گئے۔

ساڑھے آٹھ بجے حضور انور نے بیت الرشید ہمبرگ میں مغرب وعشاء کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

4 ستمبر 2005ء

صبح ساڑھے پانچ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت الرشید ہمبرگ میں نماز فجر پڑھائی۔

صبح دس بجے حضور انور اپنے دفتر تشریف لائے اور فیملی ملاقاتیں شروع ہوئیں۔ ہمبرگ شہر اور اس کی اردگرد کی جماعتوں کے 33 خاندانوں کے 160 افراد نے حضور انور سے ملاقات کی سعادت حاصل کی اور حضور انور کے ساتھ تصاویر بنوائیں۔ ملاقاتوں کا یہ سلسلہ بارہ بجے تک جاری رہا۔

نیشنل مجلس عاملہ کو ہدایات

اس کے بعد نیشنل مجلس عاملہ جماعت احمدیہ جرمنی کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ میٹنگ سوا بارہ بجے شروع ہوئی۔ حضور انور نے دعا کروائی۔ حضور انور نے جنرل سیکرٹری صاحب سے جماعتوں سے موصول ہونے والی ماہانہ رپورٹس کے بارہ میں دریافت فرمایا۔ اس پر جنرل سیکرٹری صاحب نے بتایا کہ ریجنل امراء اپنے اپنے ریجن کی جماعتوں سے رپورٹ اکٹھی کر کے بھجواتے ہیں۔ اس پر حضور انور نے فرمایا ریجنل امراء کا کام رپورٹس اکٹھی کرنا نہیں ہے۔ ان کا کام جماعتوں کو Active کرنا ہے۔ ریجنل امراء بحیثیت نمائندہ نیشنل امیر نگران ہیں نہ کہ امیر اور جماعتوں کے درمیان واسطہ ہیں۔

حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ نیشنل مجلس عاملہ ہر

دوسرے مہینے اپنے اجلاس میں نمازوں کی صورتحال کا جائزہ لے۔ خاص طور پر ایجنڈا میں نمازوں کے جائزہ کو رکھیں۔ لوکل لیول پر بھی تمام جماعتوں میں مجالس عاملہ نمازوں کے بارہ میں غور کیا کریں۔ اگر نتائج صحیح نہیں آرہے تو معلوم کریں کیا وجوہات ہیں۔ کس طبقہ میں نمازیں نہ پڑھنے کا رجحان ہے۔ بعض دفعہ یہ وجہ بن جاتی ہے کہ فلاں امام الصلوٰۃ ہے اس لئے وہاں نماز نہیں پڑھنی۔ اگر ایسی صورتحال ہے تو مربیان کو اس طرح فوری توجہ دینی چاہئے اور اصلاح کرنی چاہئے۔

حضور انور نے فرمایا یہ غور ہونا چاہئے کہ کس کس سنٹر میں نماز میں کمی ہے یا جو پہلے بیت الذکر میں آرہا تھا اب نہیں آرہا۔ اس کی اولاد نہیں آرہی، کیا وجہ ہے۔ پھر اصلاحی کارروائی ہو۔ پھر یہ جائزہ لیں کہ اصلاح کا جو طریق کار سوچا تھا اس میں کامیابی نہیں ہوئی تو پھر مزید سوچیں کہ کس طرح اصلاح کی جاسکتی ہے۔

حضور انور نے گزشتہ سال نیشنل مجلس عاملہ جرمنی کی میٹنگ میں جو ہدایات سیکرٹریان کو دی تھیں۔ باری باری تمام سیکرٹریان سے ان ہدایات پر عملدرآمد کی رپورٹ حاصل کی۔

سیکرٹری تربیت سے حضور انور نے دریافت فرمایا کہ کتنی جماعتوں نے آپ کو سست لوگوں کی فہرست مہیا کی ہے اور آپ نے وہ فہرست آگے مربیان کو دی ہے۔ حضور انور نے فرمایا جب ایسے افراد کی لسٹ ہی نہیں تو پھر کس طرح کام ہوگا، کس طرح اصلاحی کارروائی ہوگی۔ حضور انور نے دریافت فرمایا کہ اس بارہ میں اصلاحی کمیٹی نے کیا کام کیا ہے۔ حضور انور نے فرمایا پہلے لسٹیں بنائیں اور پھر پرسنل رابطے کریں۔ رابطوں کے بعد ان کو سمجھایا جائے۔ حضور انور نے فرمایا کہ باقاعدہ رزلٹ آنا چاہئے کہ کتنوں کے بارہ میں شکایت تھی۔ کتنوں کی اصلاح ہوئی ہے۔ ان کا تعاون حاصل ہوا ہے۔ حضور انور نے فرمایا باوجود کوشش کے جن کا تعاون حاصل نہیں ہوسکا تو ان کی لسٹ مجھے بھجوائیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے مربیان کو ہدایت فرمائی کہ جن معاملات اور مسائل کا تعلق فتویٰ سے ہے اس بارہ میں اپنے خیال کا اظہار ہرگز نہ کریں کہ میرے خیال میں ایسا ہے بلکہ مسئلہ دریافت کرنے والے کو یہ بتایا جائے کہ مرکز سے مفتی سلسلہ سے پوچھ کر بتائیں گے۔ حضور انور نے فرمایا کہ جہاں ابہام ہو کہ یہ بھی ہوسکتا ہے، یہ بھی ہوسکتا ہے تو اس بارہ میں اپنی رائے کا اظہار نہ کیا کریں بلکہ مفتی سلسلہ سے پوچھ لیا کریں۔ حضور انور نے ایک معاملہ مفتی سلسلہ کو بھجوانے کی ہدایت فرمائی۔

نماز کی کتاب اور دوسرے لٹریچر کا جائزہ لیتے ہوئے حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ یہاں جماعتی لٹریچر میں بعض دوسرے اماموں کی تشریحات ہیں۔ جب حکم وعدل آگیا تو اس کی بات مانی جائے گی۔ پہلی سب باتیں ختم ہوجائیں گی۔ امیر صاحب جرمنی نے بتایا کہ مرکز نے نماز کی جو کتاب تیار کی ہے اب اس کے مطابق یہاں جرمن زبان میں نماز کی کتاب تیار کی جارہی ہے۔

حضور انور نے ہدایت دیتے ہوئے فرمایا جو کتب آپ دوبارہ شائع کرنا چاہتے ہیں ان میں پہلے غلطیوں کی اصلاح کریں پھر شائع کریں۔ حضور انور نے فرمایا کہ لٹریچر اتنا بنائیں جو ضروری ہے۔ باقی جو اضافی دعائیں کرنا چاہے کرے۔ لٹریچر میں ان کے ذکر کی ضرورت نہیں۔

سکولوں میں بچیوں کی سوئمنگ کے بارہ میں حضور انور نے ہدایت دیتے ہوئے فرمایا کہ آپ بچیوں کو تعلیم دیں کہ تم نے خود بیان دینا ہے کہ ہم اس طرح سوئمنگ کے لئے نہیں جاسکتیں۔ دین نے دس سال کی عمر میں نمازوں کی تاکید کی ہے۔ فرمایا اس عمر میں بچوں کو سمجھ آجاتی ہے۔ جب بچیاں اس عمر کو پہنچتی ہیں تو ان کو اپنی عصمت اور تقدس کا پتہ ہونا چاہئے۔ حضور انور نے فرمایا تربیت کا شعبہ فعال ہونا چاہئے۔ لجنہ کو فعال ہونا چاہئے۔ بچیوں کی اس طرح تربیت ہو کہ ان کو خود سمجھ آجائے کہ کیا کرنا ہے۔

سیکرٹری تربیت نو مبائعین سے حضور انور نے دریافت فرمایا کہ گزشتہ تین سالوں میں جو نو مبائعین تھے ان میں سے کتنوں کو اس وقت نظام میں شامل کرچکے ہیں۔ حضور انور نے فرمایا ٹیم بنائیں، رابطے کریں اور جہاں نو مبائعین نے ہجرت کی ہے وہاں رابطے کریں۔ مستقل رابطے رکھیں اور کوئی بھی نو مبائع ضائع نہیں ہونا چاہئے۔

حضور انور نے فرمایا کہ تربیت کا کام مربیان کا ہے تو تربیت کا کام جماعت کے عہدیداران کا بھی ہے۔ سب سے پہلے اپنی تربیت کا کام ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ کمیٹیاں بنانے کے بعد مظالم بجائے کم ہونے کے پہلے سے بڑھ گئے ہیں۔ اس بارہ میں اصلاحی کمیٹیاں، مربیان اور مجلس عاملہ کو اپنا کردار ادا کرنا چاہئے۔ فرمایا طلاقیں ہورہی ہیں۔ ماں باپ کی طرف سے ظلم بڑھتا جارہا ہے۔ برداشت کا مادہ کم ہورہا ہے۔ حضور انور نے فرمایا کہ اس بارہ میں سوچیں اور وجوہات معلوم کریں۔

ایک سوال پر کہ گھریلو جھگڑوں میں کس حد تک ہم گھر میں دخل اندازی کرسکتے ہیں۔ حضور انور نے فرمایا جب آپ کے نوٹس میں بات آجاتی ہے تو آپ بار بار رابطہ کرکے، ذاتی تعلق پیدا کرکے اس کو سمجھا تو سکتے ہیں۔ نہ بھی سمجھائیں لیکن ذاتی تعلق تو پیدا کرسکتے ہیں۔ فرمایا ذاتی تعلق پیدا ہوگا تو پھر اصلاح بھی ہو جائے گی۔ فرمایا آپ کا اعتماد قائم ہونے کی بات ہے۔

حضور انور نے عاملہ کے ممبران اور مربیان سے مخاطب ہوتے ہوئے فرمایا کہ آپ لوگوں پر دوسروں کا وہ اعتماد نہیں ہے جو ہونا چاہئے۔ شکایتوں سے لگتا ہے کہ گویا آپ پارٹی ہیں۔ فرمایا اپنا اعتماد بحال کریں۔

حضور انور نے فرمایا ایک شکایت یہ آرہی ہے کہ عورتوں سے جھگڑوں کے بارہ میں صلح کروانے کے لئے بعض ایسے ذاتی سوال پوچھے جاتے ہیں جن کی پوچھنے کی اجازت نہیں ہے۔ صلح کے لئے ایسے سوالات کی کوئی ضرورت نہیں۔ ان کا اصلاحی کارروائی سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ دونوں فریقین کی علیحدہ علیحدہ بات سنیں اور پھر ان کو سمجھائیں کہ صلح کرو۔ آپ لوگوں کو ذاتی باتوں کے بارہ میں سوال کرنے کا حق نہیں پہنچتا۔ امور عامہ میں بھی یہ باتیں آتی ہیں۔ عورت سے بات کرنے کا حجاب ہونا چاہئے۔ خواہ عورت کیسی ہی ہو۔ اس کی اپنی عزت ہے۔

حضور انور نے فرمایا بعض اوقات لجنہ ممبر بھی ایسے سوالات کر جاتی ہیں۔ ذاتیات میں نہیں جانا چاہئے۔ حضور انور نے فرمایا بے شک اس بارہ میں عہدیداران کو ٹریننگ دیں لیکن تقویٰ ہونا چاہئے۔ نظر آرہا ہوتا ہے کہ جو سوالات کئے جارہے ہیں وہ صرف Pleasure کے لئے پوچھے ہیں۔ حضور انور نے فرمایا ریجنل امراء کا کام یہ ہے کہ اگر امیر کوئی بات ان کو کہیں تو وہ عمل کریں۔

حضور انور نے سیکرٹری مال کو ہدایت فرمائی کہ بجٹ میں جو کمی رہ گئی ہے وہ دور کریں۔ فرمایا چندہ عام لازمی چندہ ہے اس کی سو فیصد وصولی کریں اور چندہ عام پوری شرح سے وصول کریں اور پھر جو زائد رقم ہو وہ بیوت الذکر میں ڈال دیں۔ حضور انور نے فرمایا یہ تو کہیں نہیں لکھا کہ آپ نے سو بیوت الذکر کے لئے کہیں سے حصہ نہیں لینا۔ حضور انور نے امیر صاحب جرمنی کو ہدایت فرمائی کہ سو بیوت الذکر کے چندہ کی وصولی کے لئے ذیلی تنظیموں کی کمیٹی بنائیں۔ سب صدران کمیٹی کے ممبر ہوں۔ حضور انور نے فرمایا جب ذیلی تنظیمیں چندہ بیوت الذکر وصول کریں تو خدام، انصار سے پوچھ لیں کہ چندہ عام ادا کردیا ہوا ہے یا نہیں۔ چندہ عام میں اگر کوئی بقایا وغیرہ بھی ہو تو خدام، انصار بتا سکتے ہیں۔ حضور انور نے فرمایا چندہ بیت الذکر کی رسید کاٹتے ہوئے اس پر نوٹ دے دیا جائے کہ اس کا چندہ عام کا بقایا ہے۔ کیا بیت الذکر کا چندہ، چندہ عام میں ڈال دیا جائے۔

حضور انور نے فرمایا جو چندہ عام شرح کے مطابق نہیں دے رہے ان سے کسی تحریک میں چندہ وصول نہیں کرنا۔

حضور انور نے نیشنل سیکرٹری مال کو ہدایت فرمائی کہ جماعتوں میں آپ کے سیکرٹریان مال اتنے فعال ہونے چاہئیں کہ آپ کو فوری اطلاع دیں کہ بیوت الذکر کے چندہ کی وصولی کی وجہ سے فلاں جگہ چندہ عام متاثر ہورہا ہے۔ لوگ کہتے ہیں کہ ہم بیت الذکر کے لئے دے رہے ہیں تو آپ امیر صاحب سے بات کریں اور پھر ایسے لوگوں کا چندہ بیت الذکر، چندہ عام میں ڈالیں۔ حضور انور نے فرمایا چندہ عام میں کمی ہوئی ہے تو سیکرٹریان مال کا قصور ہے۔ تقویٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے گہرائی میں جا کر دیکھا کریں۔ حضور انور نے فرمایا سیکرٹریان مال کے نظام کو فعال کریں تو یہ کمزوری نہیں آسکتی۔ حضور انور نے صدر صاحب مجلس انصار اللہ کو ہدایت فرمائی کہ آپ نے بیوت الذکر کے لئے جو وعدہ کیا ہے اس کو پورا کریں۔ فرمایا یہ بجٹ نہیں ہے۔ یہ آپ کا وعدہ ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ ہر ایک کو بتایا جائے کہ چندہ عام تم نے ادا کرنا ہے۔ یہ جو چندہ تم دے رہے ہو یہ چندہ بیت الذکر ہے۔ پہلے عام ادا کرو پھر سو بیوت الذکر کا دو۔ حضور انور نے فرمایا جو چندہ عام کے بقایادار ہیں ان سے ذیلی تنظیموں کا چندہ نہیں لینا۔

حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ آپ موصیان کی تعداد بڑھائیں۔ آپ کے مسائل ختم ہوجائیں گے۔ تربیت بھی ہوجائے گی۔ حضور انور نے فرمایا وصیت میں مردوں کی تعداد بڑھائیں۔

حضور انور نے کتب کے تراجم کا بھی جائزہ لیا۔ حضور انور کو بتایا گیا کہ حضرت اقدس بانی سلسلہ احمدیہ کی پانچ کتابوں کا ترجمہ شروع ہوچکا ہے۔ حضور انور نے فرمایا یہ سب کتابیں آئندہ سال جلسہ سے قبل شائع ہوجائیں۔ یہ آپ کا ٹارگٹ ہے۔ حضور انور نے فرمایا کتاب شرائط بیعت کا ترجمہ بھی جلد مکمل کروائیں۔

حضور انور نے شعبہ امور عامہ کو ہدایت فرمائی کہ آپ نے قضاء کے معاملات میں دخل نہیں دینا بلکہ جو آپ کے معاملے ہیں ان کو نپٹائیں۔ حضور انور نے فرمایا جب تربیت کا اثر ہوگا تو قانونی چارہ جوئی کا رجحان نہیں ہوگا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے امیر صاحب جرمنی کو ہدایت فرمائی کہ جرمنی میں جامعہ کا قیام ''امامت جوبلی'' کی سکیم میں شامل کریں۔ فرمایا اب اس بارہ میں پلاننگ کرنا شروع کردیں۔ یو۔کے میں جامعہ شروع ہورہا ہے اس کو بھی دیکھیں اور اس بارہ میں جائزہ لینا شروع کریں۔

حضور انور نے ہدایت دیتے ہوئے فرمایا کہ لجنہ کا جماعت کے ماہانہ اجلاسوں میں شامل ہونا ضروری نہیں ہے۔ وہ اپنے علیحدہ ماہانہ اجلاس کرتی ہیں۔ حضور انور نے فرمایا جو خاص مواقع ہیں جیسے جلسہ سالانہ، جلسہ یوم بانی سلسلہ احمدیہ، جلسہ یوم قدرت ثانیہ، سیرۃ النبی ﷺ کے جلسے ان میں لجنہ بھی شامل ہوں یا اس کے علاوہ کوئی خاص موقع ہے، خاص اجلاس ہورہا ہے، مرکز سے نمائندہ نے آنا ہے۔ امیر صاحب یا مربی انچارج نے آنا ہے تو پردہ کی رعایت کے ساتھ لجنہ کو ایسے خاص اجلاسوں میں بلایا جاسکتا ہے۔

نیشنل مجلس عاملہ کے ساتھ یہ میٹنگ مسلسل تین گھنٹے جاری رہی۔ سوا تین بجے یہ میٹنگ ختم ہوئی۔ میٹنگ کے آخر پر نیشنل مجلس عاملہ کے ممبران نے حضور انور کے ساتھ تصویر بنوانے کا شرف حاصل کیا۔

اس کے بعد حضور انور نے بیت الرشید ہمبرگ میں ظہر وعصر کی نمازیں جمع کرکے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

پانچ بجے سہ پہر حضور انور اپنے دفتر تشریف لائے اور ڈاک ملاحظہ فرمائی۔ اس کے بعد فیملی ملاقاتیں

شروع ہوئیں۔ ہمبرگ ریجن کی مختلف جماعتوں سے بیس خاندانوں کے 91 افراد نے حضور انور سے شرف ملاقات حاصل کیا۔ ملاقات کرنے والوں میں بعض فیملیز پانچ صد کلومیٹر کا فاصلہ طے کرکے فرینکفرٹ سے پہنچی تھیں۔ ملاقاتوں کا پروگرام چھ بجکر دس منٹ تک جاری رہا۔

مربیان کو ہدایات

اس کے بعد مربیان سلسلہ جرمنی کی حضور انور کے ساتھ میٹنگ شروع ہوئی۔ حضور انور نے دعا کروائی۔

حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ الکوحل فری بیئر کے بارہ میں جب تک کوئی فیصلہ نہیں آجاتا اس وقت تک تقویٰ کا تقاضا یہی ہے کہ اس کے قریب نہ جایا جائے۔ حضور انور نے فرمایا اس بارہ میں تفصیلی طور پر لکھ کر مرکز کو فتویٰ کے لئے بھجوائیں۔

حضور انور نے یوم دعوت الی اللہ، یوم بیت الذکر اور عید ملن پروگرام کے بارہ میں اصولی ہدایات دیتے ہوئے فرمایا کہ ایسا انتظام ہونا چاہئے کہ مردوں کا حصہ علیحدہ ہو اور عورتوں کا حصہ علیحدہ ہو۔ لجنہ کا اپنا علیحدہ حصہ ہونا چاہئے، جب مہمان آئیں تو ان کو بتا دیا جائے کہ یہ ہماری روایات ہیں۔ خواتین کے لئے علیحدہ حصہ مخصوص ہے۔ ہماری خواہش ہے کہ آپ کی عورتیں، عورتوں کی طرف جائیں۔ آگے آپ کی Choice ہے۔ اگر وہ اپنی روایات برقرار رکھتے ہیں تو ہم کو بھی اپنی روایات برقرار رکھنی چاہئیں۔

حضور انور نے فرمایا جب آپ آنے والی مہمان خواتین کو کہیں گے کہ خواتین کے لئے علیحدہ انتظام ہے تو یہ بات ان لوگوں کو Attract کرے گی کہ جو کہتے ہیں اس پر عمل بھی کرتے ہیں۔

سٹال اور اس طرح کے مواقع پر خواتین کے کام کرنے کے بارہ میں فرمایا کہ اگر خواتین نے کام کرنا ہے تو اپنے پورے لباس میں ہوں اور پردے میں ہوں۔ حضور انور نے فرمایا مغربی لوگ کھلا دل رکھتے ہیں اور دوسروں کی روایات کا احترام کرتے ہیں۔

